E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعہ 2 اکتوبر 2026ء/19 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 234

شہباز شریف سے ملنے کیلئے کسی درخت کے نیچے بیٹھ جاں گا وزیراعظم ہاؤس نہیں جاؤں گا، اچکزئی

اپوزیشن اتحاد کی حکومت کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش

بات چیت کیلئے رضامندی ظاہر کردی

پاکستان کو بحران سے نکالنے والے ایک ہی شخص ہے جو کہ عمران خان ہے، عمران خان سب کو راضی کرلیں گے، سندھ، کے پی، پنجاب، بلوچستان سب کو راضی کریں گے

ہم ریاست کے ساتھ کھڑے رہے، پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے مگر آپ آواز دباتے رہے، ہمیں نہیں سنا، پیر سٹرگوہر..... گولی کے ذریعے امن نہیں آسکتا، راجا ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد نے حکومت کی مذاکرات کی پیشکش قبول کرتے ہوئے بات چیت کے لیے رضامندی ظاہر کردی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اتحاد کا اہم اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سمیت دیگر رہنما شریک تھے۔ اجلاس میں لانگ مارچ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی، حکومتی اقدامات اور اپوزیشن کے جوابی اقدامات کے حوالے سے بات کی گئی۔ اجلاس میں حکومت کے مذاکرات کی پیشکش پر اہم گفتگو ہوئی، اپوزیشن اتحاد کی حکومت کے ساتھ مذاکرات پر رضامندی ظاہر کردی۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے آج کے اجلاس میں لانگ مارچ کے حوالے سے میٹنگ کی ہے، اس کے ساتھ ساتھ جو گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے کی خبر آرہی ہے اس پر بھی غور کیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، شہباز شریف

پاکستان انشاءاللہ دنیا کے نقشے پر ایک طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا

وزیراعظم

معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے

معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیرالتوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے

کراچی (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معاشی استحکام کو مدِنظر رکھتے ہوئے مسلسل محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے، معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



لاہور: پنجاب یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر کے عملے کو ریسکیو 1122 کے اہلکار بچاؤ کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے فائر سیفٹی بارے آگاہی فراہم کر رہے ہیں

سندھ کابینہ کی حجر کے لیے 87 سرکاری گاڑیاں خریدنے کی منظوری

شملی عدالتوں اور سندھ ہائیکورٹ کے نئے ججز کو گاڑیاں فراہم کی جائیں گی

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے حجر اور عدالتی افسران کے لیے 87 سرکاری گاڑیاں خریدنے کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں عدالتی امور کی انجام دہی میں سہولت کے لیے گاڑیوں کی خریداری کی منظوری دی گئی۔ کابینہ کو بریفنگ میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

کراچی کے طلبہ کے ایم ڈی کیٹ نتائج کا شفاف جائزہ لیا جائے، سید فرحان احمد

جوائنٹ کالجیٹ، اوایم آر شیٹس اور میرٹ کے طریقہ کار کی جانچ کی جائے، ایم کیو ایم پاکستان کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان برٹس روڈ ہاؤس کے سینئر رکن اور سندھ ہائی کورٹ کے وکیل سید فرحان احمد نے ایم ڈی کیٹ امتحانات میں کراچی کے طلبہ کے نتائج پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امتحانی عمل اور نتائج کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سید فرحان احمد نے کہا کہ ہزاروں طلبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

میمن گاری کھاتہ میں آج کھلی کچہری، شہری مسائل سنے جائیں گے

صوبائی محتسب سندھ کے افسران بانی، سیدریج اور دیگر شکایات سنیں گے

کراچی (این این آئی) بی میمن کونسل 8 صدر ڈاکون کے علاقے میمن گاری کھاتہ میں آج بانی اور دیگر شہری مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری منعقد کی جائے گی۔ صوبائی محتسب سندھ کے افسران کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات براہ راست سنیں گے اور متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔

ملک میں سونے کی قیمت بڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر کم

10 گرام سونے کا بھاؤ 2572 روپے کم ہونے کے بعد 3 لاکھ 76 ہزار 59 روپے ہوگیا

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی قیمت بڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پھر گر گئی۔ آل پاکستان صرافہ جنرز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق 3000 روپے کی کمی کے بعد فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 38 ہزار 636 روپے ہوگیا۔ 10 گرام سونے کا بھاؤ 2572 روپے کم ہونے کے بعد 3 لاکھ 76 ہزار 59 روپے ہوگیا۔

میرپورخاص: جوڈیشل کمیشن کی مدت میں 15 اکتوبر تک توسیع

سندھ کابینہ نے غیر جانب دار اور شفاف تحقیقات مکمل کرنے کے لیے مزید مہلت دے دی

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ نے میرپورخاص کے قتل کیس کی غیر جانب دار اور شفاف تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ سندھ کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں کمیشن کی مدت 15 اکتوبر تک بڑھانے کی منظوری دی گئی۔ کابینہ کو بریفنگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

بن قاسم ٹاؤن میں جھاڑیوں سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت

27 سالہ کشف کمال کی برہنہ گلے سے موت ہوئی، لاش کئی اور مقام سے لاکر پھینکے جانے کا انکشاف

کراچی (این این آئی) بن قاسم ٹاؤن میں اسٹیل مل روڈ جنت گیٹ کے قریب جھاڑیوں سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت کرلی گئی۔ پولیس کے مطابق پی ایل ای کی شناخت 27 سالہ کشف کمال کے نام سے ہوئی ہے، جو طیور کی خارپاسر سوسائٹی کی رہائشی تھی۔ تفتیش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



رائے وٹو: کراچی سے لاوارث ملنے والی شناختی کارڈ کی تصویر کو صحافی کے ہاتھ میں دیکھا جا سکتا ہے

بہاولنگر، دان دیہاڑے زرہ خیز واردات، غلہ منڈی کا آڑھتی شوکت کیہو فائرنگ سے قتل

واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرکے تفتیش کا آغاز کردیا

غلہ منڈی کے آڑھتیوں کا شدید احتجاج، تین آہ چوک بلاک کرکے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر شہر میں چوٹیہ آرائیں کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے غلہ منڈی کے معروف آڑھتی شوکت کیہو جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق شوکت کیہو گھر سے دودھ لینے کے لیے نکلے تھے کہ راستے میں 3 مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کردی۔ شدید زخمی ہونے کے بعد دوڑوں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

ڈپٹی کمشنر اڈہ کا آراضی سی شیر گڑھ کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ لیا

بھاراں ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ریفرل خود کے سرکاری سکولوں میں تعلیم و تدریس کے عمل کا بھی جائزہ لیا

فروغ تعلیم کے لیے جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھنے کی ہدایات دیں

اڈہ کا ڈپٹی کمشنر کرام ملک نے آراضی سی شیر گڑھ کا دورہ کرکے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، میڈیکل ریکارڈ اور ادویات کے سٹاک کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ سٹاف نے ڈپٹی کمشنر کو مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ محمد آکرام ملک نے کہا کہ عوام کو معیاری اور مفت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کا وژن ہے۔

یونین کونسل 155 میں سیکرٹری نہ ہونے سے سرٹیفکیٹس کا اجرا بند، عوام پریشان

جس کی وجہ سے پیدائش، اموات اور نکاح کے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق میونسپل کونسلر شہزاد انصاری، سابق یونین ناظم حاجی شیخ انوار اور سابق ناظم رانا شاہد علی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ یونین کونسل 154 سیکرٹری عبداللہ سیالوی کے پاس یوسی 155 کا اضافی چارج بھی تھا جو کہ اب ان سے 3 ماہ قبل واپس لے لیا گیا ہے اب یوسی 155 میں سیکرٹری یونین کونسل نہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کو پیدائش، نکاح اور موت کے سرٹیفکیٹس سمیت دیگر آن لائن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

پنجاب کی مارکیٹ کمیٹیوں کی کارکردگی جانچنے کیلئے 100 نمبرز کا اسکورنگ فارمولا جاری

ڈی جی پامرا اور ریونیو ٹیموں کے مشترکہ دوروں کے بعد اراضی کے ریکارڈ کی تصدیق مکمل کرلی گئی

6 بازاء کا اسکور حاصل کرنیوالی مارکیٹ کمیٹیاں گیلیکٹری "اے" 6 کو سم اسکور والی کمیٹیاں گیلیکٹری "بی" میں شمار ہوں گی، سٹیٹی بٹ

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے فوڈ سیکیورٹی ڈاکٹر کرن خورشید، ڈی جی پامرا ڈاکٹر ارشد اللہ، ڈپٹی سیکرٹری محمد خالد سہیل و دیگر اعلیٰ افسران نے مارکیٹ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب کی مارکیٹ کمیٹیوں کی کارکردگی جانچنے کیلئے اسکورنگ فارمولا جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ نئے اسکورنگ نظام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

بہاولنگر، تبتیج سٹی کے قریب غیرت کے نام پر لڑکی کو گولی مار کر قتل، بھائی نے گلا دبا کر بہن کو قتل کردیا، ملزم گرفتار

بہاولنگر (این این آئی) تھانہ صدر بہاولنگر کی حدود میں انسوسناک واقعے میں ایک خاتون کو سیدھے طور پر اس کے بھائی نے گلا دبا کر قتل کردیا۔ واقعے کے بعد ملزم نے مبینہ طور پر خود جوتیہ کو اطلاع دی اور خود کو قانون کے حوالے کردیا۔



رائے وٹو: اسسٹنٹ کمشنر اے وٹو عرفان علی رائے اجتماع روڈ پر قبائی مکھنوں کا جائزہ لے رہے ہیں

مریم میڈیکل کالج میانوالی اور ٹیچنگ ہسپتال میانوالی کے قیام کی منظوری

ان منصوبوں پر تیزی کا کام جاری ہے جبکہ ینگنگ ہسپتال میانوالی میں ڈاکٹر ہارون طاہر کو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تعینات کردیا گیا ہے

مریم نواز میڈیکل کالج میانوالی کا منصوبہ بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے، اور رواں سال کے دوران کلاسز کا اجرا ممکن ہوگا

میانوالی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مریم میڈیکل کالج میانوالی اور ینگ ہسپتال میانوالی کے قیام کی منظوری کے بعد منصوبوں کی تکمیل جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، وہ میانوالی سے آنے والے سابق رکن قومی اسمبلی حاجی عبیداللہ خان شادی خیل، سابق ایم پی اے حاجی لیگی صوبائی وزیر آبپاشی امانت اللہ خان شادی خیل سابق وزیر اعلیٰ پنجاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

بہاولنگر میں آوارہ کتوں کا راج برقرار، انتظامیہ کے صرف فوٹو سیشن، ایک اور معصوم نوچ ڈالا

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی دہشت ختم نہ ہو سکی۔ انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کے باعث آوارہ کتوں نے ایک اور 13 سالہ معصوم بچے کو نوچ ڈالا۔ شہری سراپا احتجاج، وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔

کرایہ دار یکطرفہ طور پر مالک مکان سے قانونی تعلق ختم نہیں کرسکتا، لاہور ہائیکورٹ

قید برقرار رکھتے ہوئے کرایہ دار مالک مکان کے وجود اور اس کے کرائے داری کے حق سے انکار نہیں کرسکتا، جبکہ مقدمہ چلانے یا مکان پر قبضہ برقرار رکھنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی

تیسرے شخص کے مقابلے دعوے پر اصل مالک کو کرایہ دینے سے انکار نہیں کیا جاسکتا، ہنگامہ کا تعین کرنا عدالت کا کام ہے، مکان کا قبضہ فوری حوالے کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے کرایہ داری سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ کرایہ دار یکطرفہ طور پر مالک مکان کے ساتھ قانونی تعلق ختم نہیں کرسکتا۔ عدالت نے کرایہ داری کے تنازع میں مالک مکان کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ کرایہ دار کو مالک مکان کے حق سے انکار کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ عدالت نے کرایہ دار کی جانب سے مالک مکان کے خلاف دائر کیس کو خارج کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے کیس کو میرٹ پر سننے کا حکم دیا۔ عدالت نے کہا کہ کرایہ دار کو مالک مکان کے حق سے انکار کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، مالک مکان کے دعوے کو تیسرے شخص کے دعوے کے مقابلے میں کرایہ دار کو کرایہ دینے سے انکار نہیں کیا جاسکتا، ہنگامہ کا تعین کرنا عدالت کا کام ہے، مکان کا قبضہ فوری حوالے کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ کرایہ دار یکطرفہ طور پر مالک مکان کے ساتھ قانونی تعلق ختم نہیں کرسکتا۔ عدالت نے کرایہ داری سے متعلق اہم فیصلہ جاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

وزیراعظم کے پابند نہیں ہوئی تو زیادہ قوت سے مارچ کریں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے واضح کیا ہے کہ وزیراعظم جماعت اسلامی سے بات چیت کریں ہم نہیں اس سے غرض نہیں، اپنے وعدے کے مطابق عوام کو سبسڈائز پر پیٹرول، ایک سو ڈیزل اور دیگر ضروریات زندگی سستے کیے جائیں، شہباز شریف کے پابند نہیں، مطالبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی مراکش کی پہلی خاتون وزیراعظم فاطمہ زہرا المنصوری کو مبارکباد

پاکستان اور مراکش کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں جو باہمی احترام، مشترکہ اقدار، قریبی پارلیمانی روابط اور عوامی سطح پر مضبوط تعلقات پر استوار ہیں

فاطمہ زہرا المنصوری کی بطور وزیراعظم تقرری مراکش کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل اور سیاسی قیادت و عوامی خدمت میں خواتین کے کردار کا اعتراف ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے فاطمہ زہرا المنصوری کو مراکش کی پہلی خاتون وزیراعظم مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لئے منصب سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق اپنے تہنیتی پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ فاطمہ زہرا المنصوری کی تقرری مراکش کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل اور سیاسی قیادت و عوامی خدمت میں خواتین کے کردار کا اعتراف ہے۔ انہوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)



برازیل کی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے جامع حکمت عملی ناگزیر ہے، علی حسام اصغر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے کہا ہے کہ پاکستان کو برازیل کی مارکیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور برآمدات بڑھانے کے لیے جامع، موثر اور شعبہ جات کی مطابقت سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

لاہور: ایکسٹر پاکستان اسکیل ملک محمد احمد خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر کے لانگ مارچ کی منظوری دیدی

بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں اجلاس، لانگ مارچ، صوبائی حکومت کیخلاف وفاقی حکومت کے اقدام سمیت اہم امور زیر غور آئے

پنجاب اعلیٰ صوبائی حکومت سے مارچ کا آغاز، حکومت مخالف تحریک میں تبدیل ہوگیا، کئی نکتوں کی سیاسی سرگرمیوں کے بعد اسلام آباد میں داخل ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سیاسی کمیٹی نے 4 اکتوبر سے لانگ مارچ، صوبائی حکومت کے خلاف وفاقی حکومت کے اقدام سمیت اہم امور زیر غور آئے۔ ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں ہونیوالی سیاسی کمیٹی نے چار سربراہی میں سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں اکتوبر کو لانگ مارچ کے آغاز کی منظوری دے دی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی جنوبی اضلاع سے مارچ کا آغاز کریں گے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



مظفر آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر انتخاب گیلانی کے کنٹری ڈائریکٹر کے معارف فاؤنڈیشن ماہرین و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

جدہ میں پاکستانی کاروباری برادری کی وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے ملاقات

حکومت کی جانب سے کاروباری ماحول کو مزید سازگار بنانے، غیر ضروری ضابطہ جاتی رکاوٹیں کم کرنے اور سرمایہ کاروں کیلئے طریقہ کار کو آسان بنانے پر خصوصی توجہ دی جا

خصوصی اقتصادی زونز پر آدھی مختص، صنعتی شراکت داری اور عالمی معاہدات کے ساتھ انضمام کیلئے اہم پالیسی فارم بابت ہوسکتے ہیں، قیصر احمد شیخ

جدہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ کے اعزاز میں جدہ میں پاکستانی کاروباری شخصیات کی جانب سے ایک استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی میزبانی چوہدری طارق اقبال اور کاربار ہوٹل جدہ کے مالک علی ملک نے کی۔ تقریب میں سعودی عرب میں مقیم پاکستانی کاروباری برادری کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی، جو پاکستان کے معاشی و سرمایہ کاری ایجنڈے میں ان کی گہری دلچسپی کی عکاس ہے۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کی تقریب میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)



میڈیکل داخلوں کے میرٹ پر شکایات کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں، سراج عبدالرحمٰن

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان نورانی پختونخوا کے مرکزی جنرل سیکریٹری سراج عبدالرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے طلبہ کے میڈیکل داخلوں اور میرٹ سے متعلق سامنے آنے والی شکایات اور تحفظات کو دور کرنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)



فیسکو صارفین کی شکایات کا فوری اور شفاف ازالہ اولین ترجیح ہے

چیف سپرنٹنڈنٹ

سیکٹر سرکل میں اڑان پاکستان کے وژن کے مطابق عوام دوست اور جدید پاور سروسز کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے

سیکٹر سرکل میں وام کنزمر لیٹمپلینٹ سنٹر کو جدید پیمانوں پر استوار کرنے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، صارفین کی شکایات کے ازالے کو عملی رجحان اور برتاؤ کا حصہ بنایا جائے گا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایس ای چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو جناب انجینئر محمد عامر یونس صاحب کی ہدایات اور وزیراعظم پاکستان کے وژن کے تحت سیکٹر سرکل میں جدید سہولیات بڑھانے کیلئے کہا کہ سیکٹر سرکل فیسکو سید محمد شاہ نے کہا ہے کہ، جس کے ذریعے صارفین کی شکایات کا فوری اور شفاف ازالہ یقینی بنایا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ سیکٹر سرکل میں لائن 118 کو مزید اختیارات میں فعال کردیا گیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)



نہر میں نہاتے ہوئے 17 سالہ نوجوان ڈوب کر جاں بحق

اہل خانہ غم سے نڈھال ہوگئے، جبکہ علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی

نڈو محمد خان (این این آئی) موہیڑ کے قریب گھوٹکی باقر رند کا رہائشی 17 سالہ بلاول رند کزیہ گھنور نہر میں نہاتے ہوئے گہرے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی مقامی افراد نے اپنی مدد آپ کے تحت نہر میں تلاش کرکے نوجوان کو نکالا اور تشویشناک حالت میں ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کیا۔

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول اپن پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معاشی استحکام کو یقیم ورک اور مسلسل محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی معیشت اب صنعت کاری اور برآمدات میں اضافہ پر مبنی پائیدار ترقی اور روزگار پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی متقاضی ہے، معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کا کردار کلیدی ہے، تعمیراتی صنعت کا فروغ ملکی معیشت اور روزگار کیلئے ضروری ہے، معاشی حالات کی بہتری میں سیاسی اور عسکری قیادت کا باہمی تعاون نہایت اہم ہے، حکومت نے سنجیدگی کے ساتھ طویل عرصے سے زیر التوا اصلاحات کو عملی جامہ پہنایا ہے، پاکستان انشاءاللہ دنیا کے تقشے پر ایک طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا۔ وہ جمعرات کو یہاں نیا ٹھم آباد ایگزیکٹو شٹس کی لسٹنگ کے موقع پر پاکستان سٹاک ایکسچینج میں منعقدہ گونگ تقریب سے ورچوئل خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر احداد اللہ خان، میاں ریاض حسین پیرزادہ، ڈاکٹر صدیق ملک وزیراعظم کے ہمراہ موجود تھے جبکہ تقریب میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان، ممتاز کاروباری رہنما عارف حبیب اور کارپوریٹ شعبے کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں ایک بھی کاٹا گیا۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کو اب اپنی معیشت میں ترقی، بالخصوص برآمدات پر مبنی گروتھ دکھانا ہوگی جس کے نتیجے میں روزگار، پیداواری سرگرمیوں، اشیاء وخدمات کی ترسیل اور برآمدات میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کی معیشت کو مزید استحکام ملے گا جبکہ نجی شعبے کو آگے بڑھانا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ان شاءاللہ دنیا کے نقشے پر ایک بہت طاقتور معیشت بن کر ابھرے گا اور دنیا میں پاکستان کی عزت اور وقار میں بہت اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو مشکل حالات سے نکال کر اپنے پاں پر کھڑا کرنے کیلئے وفاقی حکومت اور حفاظت اداروں کے درمیان ہونے والا ہم ورک مثالی ہے، جس پر وزیر خزانہ، ان کی ٹیم، متعلقہ وزراء صوبائی وزرائے اعلیٰ اور دیگر اداروں کے سربراہان مبارکباد اور تحسین کے مستحق ہیں۔ وزیراعظم نے نیویارک اور لندن میں اپنے حالیہ دوروں کے دوران بین الاقوامی بینکاروں اور مالیاتی شعبے کے رہنماؤں بشمول سٹی بینک، جے پی مورگن اور بارکلیز کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی جانب سے طویل عرصے سے زیر التوا ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر مملدرآمد کو سراہا

سموگ کا بحران: وقتی پابندیاں یا مستقل حل؟

Sector): فیصل آباد سمیت پنجاب کے شہری علاقوں میں فضائی آلودگی اور سموگ کے جمودی تناسب میں 40 سے 45 فیصد سے زائد حصہ گاڑیوں کے زہریلے دھوئیں کا ہے۔

سموگ میں اضافے کی ایک اور بنیادی وجہ فیصل آباد اور دیگر شہروں میں جاری ترقیاتی منصوبے، ہاس ٹرانزٹ کے لیے سڑکوں کی کھدائی اور تعمیراتی کام ہیں۔ کھدائی کے بعد سڑکوں کو پوری طرح بند کر کے مٹی کو پانی سے نہ بٹھایا جانا، جو شدید ہوا کے ساتھ مل کر PM 2.5 اور PM10 کی مقدار میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے۔ یہ گرد و غبار ہوا میں مکمل طور پر شامل ہو جاتی ہے۔

سموگ محض ایک موسمی مسئلہ نہیں بلکہ ایک سنگین پبلک ہیلتھ ایمرجنسی ہے۔ جب تک ہم ٹرانسپورٹ کے نظام کی اصلاح، پرانی گاڑیوں کی روک تھام اور ڈسٹ پولوشن کی کنٹرول نہیں کریں گے، تب تک فیکٹریوں پر تالے لگانے سے فیصل آباد کی فضا کبھی پاک نہیں ہو سکتیں۔ حکومت کو چاہیے کہ نومبر کی قیمتی کارروائیوں سے نکل کر پورے سال کی حکمت عملی تشکیل دے۔

معیشت کا بحران: وقتی پابندیاں یا مستقل حل؟

جس پر فعل درآمد کیلئے ملک کے مختلف صوبوں میں الیکٹرک بسیں چلائی جارہی ہیں اور کارین چھوڑنے والی گاڑیوں کو سلار اور الیکٹرک پر منتقل کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔



Fb/zikerullah hasani

سید ذکر اللہ حسنی

پٹرول ریلیف کے ساتھ پائیدار معاشی حکمتِ عملی بھی ضروری

حد تک کم کی جا سکتی ہے۔ اس طرح ریلیف کا ایک حصہ براہ راست قیمت کے اندر موجود ٹیکس بوجھ کو کم کرکے بھی فراہم کیا جاسکتا ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ پٹرولیم مصنوعات محض گاڑی چلانے کے لیے استعمال ہونے والی اشیا نہیں بلکہ مکمل اقتصادی سرگرمی کا بنیادی محرک ہیں۔ کسان کی پیداوار منڈی تک پہنچانے سے لے کر صنعت کے مال کی ترسیل، مزدور کے روزگار پر آنے جانے، طلبہ کی سفری ضروریات اور کاروباری سرگرمیوں تک ہر چیز پر ایندھن کی قیمت اثر انداز ہوتی ہے۔ پٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے کی صورت میں پیداواری لاگت بڑھتی ہے، جس کے بعد اشیائے خورد و نوش سمیت دیگر مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ صرف گاڑی رکھنے والے افراد کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری معیشت اور معاشرے کا مسئلہ ہے۔

تجزیہ پی این پی کے مطابق حکومت کو موجودہ ریلیف پروگرام کے ساتھ ساتھ درمیانی اور طویل مدت کی ایسی پالیسی بھی مرتب کرنی چاہیے جس سے پٹرولیم مصنوعات پر غیر ضروری مالی بوجھ کم ہو۔ مصنوعات کے متبادل ذرائع کو فروغ دینے سے بھی درآمد پر انحصار کم ہوگا۔ اس مقصد کے لیے پالیسیوں کا تسلسل اور ادارہ جاتی منصوبہ بندی ضروری ہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ پٹرولیم قیمتوں کے تعین کا نظام شفاف اور عوام دوست بنایا جائے۔ ایسا نہ ہو کہ ریلیف دینے کے نام پر ٹیکسوں کا بوجھ عام صارف پر منتقل ہوتا رہے۔ اگر ریلیف کا فائدہ صرف صاحب حیثیت طبقے کو ہو اور غریب طبقہ اس سے محروم رہے تو یہ پالیسی کی ناکامی ہوگی۔

تجزیہ پی این پی

طرف عوام کو ریلیف دینے کی ضرورت ہے تو دوسری طرف حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اخراجات، آمدن اور دستیاب مالی وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے ایسی حکمت عملی وضع کرے جو وقتی سیاسی یا معاشی ضرورت پوری کرنے کے ساتھ مستقبل کے لیے بھی قابل عمل ہو۔ مستقل حل وہی ہوگا جس سے پٹرول کی قیمتوں میں عالمی اتار چڑھاؤ کا بوجھ براہ راست عام آدمی پر منتقل نہ ہو اور قومی بچت بھی مسلسل دباؤ کا شکار نہ رہے۔

تجزیہ پی این پی کے مطابق پٹرول کی قیمت کا جائزہ لیتے وقت صرف عالمی منڈی میں تام نیل کی قیمت اور مقامی کرنسی کی قدر کو سامنے رکھنا کافی نہیں، بلکہ اس پورے نظام کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے جس کے تحت پٹرولیم مصنوعات کی قیمت صارف تک پہنچتی ہے۔ حکومت مختلف ٹیکسوں، لیویز اور سرچارجز کے ذریعے پٹرولیم مصنوعات سے نمایاں محصولات حاصل کرتی ہے۔ اگر ان محصولات کی شرح میں حالات کے مطابق مناسب ردوبدل کیا جائے تو عوام کو ریلیف دینے کے لیے الگ سے بھاری سبسڈی کی ضرورت بھی نہیں رہے گی۔ اس طرح حکومت کو ہر لیٹر پٹرول پر ملنے والے ٹیکس کی شرح کو کم کر کے زیادہ گنجائش پیدا کی جا سکتی ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ملک کے نچلے اور متوسط طبقے کی مشکلات میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے پٹرول پر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عالمی مالیاتی ادارے کے قائل کرنے اور جلد طویل آہنگ پیش رفت کی امید ظاہر کرنا اس لحاظ سے اہم ہے کہ موجودہ حالات میں عام آدمی کو فوری سہارا فراہم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ محض ایک شے کی قیمت بڑھنے تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات معیشت کے تقریباً ہر شعبے تک پہنچتے ہیں۔ ٹرانسپورٹ کے اخراجات بڑھتے ہیں، اشیائے ضروریہ کی ترسیل مہنگی ہوتی ہے اور بالآخر اس اضافی بوجھ کا اثر براہ راست صارف کی جیب پر پڑتا ہے۔

حکومت کی جانب سے پٹرول پر فی لیٹر سو روپے تک ٹارگٹڈ ریلیف فراہم کرنے کا اقدام ضروری طور پر متاثر طبقات کے لیے سہولت کا باعث بن سکتا ہے، تاہم بنیادی سوال یہ ہے کہ یہ ریلیف کتنے عرصے تک اور کس مالیاتی گنجائش کے تحت جاری رکھا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم کی جانب سے ضرورت پڑنے پر آئندہ دس ماہ تک پٹرول ریلیف اسکیم جاری رکھنے کے عزم کا اظہار اپنی جگہ عوامی مشکلات کا احساس ظاہر کرتا ہے، مگر پائیدار معاشی پالیسی کے لیے محض سبسڈی پر انحصار کافی نہیں۔ ریاست کو ایسا راستہ اختیار کرنا ہوگا جس میں عوام کو ریلیف بھی ملے اور قومی خزانے پر ایسا اضافی بوجھ بھی نہ پڑے جو مستقبل میں مزید مالی مشکلات کا سبب بن جائے۔ یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ کے کرایوں پر پڑتا ہے۔ جب ایندھن مہنگا ہوتا ہے تو بس، ویگن اور رکشے والے بھی اپنے کرایوں میں اضافہ کر دیتے ہیں، جس کا بوجھ براہ راست عام مسافر پر پڑتا ہے۔ اسی طرح ٹرانسپورٹ کے ذریعے ہونے والی ہر ترسیل مہنگی ہو جاتی ہے، جس کا اثر بالآخر ہر گھر کے بجٹ پر پڑتا ہے۔ اس لیے ریلیف کا فائدہ صرف ایندھن خریدنے والے تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات معیشت کے تقریباً ہر شعبے تک پہنچتے ہیں۔

جیلوں میں قید سینئر ڈاکٹروں کا مستقل بنیادوں پر طرح متاثر ہو رہا ہے، فاروق عبداللہ

یونین لیبر یڑی کا نظام عوامی مفادات میں رکاوٹ بن رہا ہے، سربراہ میڈیکل کانفرنس

نوجوانوں کو پاسپورٹ اور ملازمت کے لئے تصدیق عمل میں بھی مشکلات کا سامنا ہے اور انہیں بار بار سرکاری دفاتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فاروق عبداللہ نے سرینگر میں ایک اجتماع سے خطاب میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

بھارتی فورسز نے 9 ماہ کے دوران 26 کشمیریوں کو شہید کیا

4 جولائی 7 سے 38 افراد گرفتار، 293 اہلاک ضبط کی گئیں، کے ایم ایس رپورٹ

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی مسلسل کارروائیوں کے دوران گزشتہ 9 ماہ میں 26 کشمیریوں کو شہید کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی طرف سے آج جاری کئے گئے اعداد و شمار میں کہا گیا کہ بھارتی فوج، سینٹرل ریزرو پولیس فورس، اڈیشنل آپریشنز گروپ اور بھارت کی مسلط کردہ کٹھ پتلی انتظامیہ کے زیر سایہ کام کرنے والی مقامی پولیس نے جنوری سے 30 ستمبر 2026 کے دوران 4 ہزار 7 سو 30 شہریوں کو گرفتار کیا۔

گروپ اور بھارت زمانہ انکیشنوں کا انٹرنیشنل جس کشمیر، یونیٹی اوپن سٹی گیشن انجینی اور اسٹیٹ اوپن سٹی گیشن انجینی نے حاصر سے اور حاصی کی 1903 کاروائیوں اور گھروں پر چھاپوں کے دوران 4 ہزار 7 سو 30 شہریوں کو گرفتار کیا۔ سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی مسلسل کارروائیوں کے دوران گزشتہ 9 ماہ میں 26 کشمیریوں کو شہید کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی طرف سے آج جاری کئے گئے اعداد و شمار میں کہا گیا کہ بھارتی فوج، سینٹرل ریزرو پولیس فورس، اڈیشنل آپریشنز گروپ اور بھارت کی مسلط کردہ کٹھ پتلی انتظامیہ کے زیر سایہ کام کرنے والی مقامی پولیس نے جنوری سے 30 ستمبر 2026 کے دوران 4 ہزار 7 سو 30 شہریوں کو گرفتار کیا۔

مقبوضہ جموں وکشمیر، بھارتی فورسز نے گزشتہ سات ماہ کے دوران 21 کشمیری شہید کیے

فرقہ پرست بھارتی انتظامیہ نے مکانوں، دکانوں، زمینوں، گاڑیوں سمیت کشمیریوں کی 253 جائیدادیں ضبط کر لیں

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی مسلسل کارروائیوں کے دوران گزشتہ سات ماہ کے دوران 21 کشمیریوں کو شہید کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی طرف سے آج جاری کئے گئے اعداد و شمار میں کہا گیا کہ بھارتی فوج کی راشٹریہ رائفلز، بھارتی سینٹرل ریزرو پولیس فورس، اڈیشنل آپریشنز گروپ اور ہتاہم زمانہ انٹیلیجنس "این آئی اے، سی آئی کے، ایس آئی اے" وغیرہ نے اس عرصے کے دوران نوجانوں، طلباء اور خواتین سمیت 4 ہزار 7 سو 50 شہریوں کو گرفتار کیا جن میں سے بہت سوں کے خلاف کالے قوانین "پبلک سیفٹی ایکٹ اور یواے پی اے" کے تحت مقدمات درج کئے گئے۔ تاہم بھارتی فورسز نے اس عرصے میں نہتے کشمیریوں کے خلاف طاقت کا وحشیانہ استعمال کرتے ہوئے 50 کم از کم شہریوں کو زخمی کیا۔ دریں اثنا بھارتی دہلی کے مسلط کردہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سہنا کی زیر قیادت فرقہ پرست بھارتی انتظامیہ نے مکانوں، دکانوں، زمینوں، گاڑیوں سمیت کشمیریوں کی 253 جائیدادیں ضبط کر لیں جبکہ بھارتی فورسز نے رہائشی مکانات سمیت کم از کم 52 تجارتی مراکز کو "پبلک سیفٹی ایکٹ اور یواے پی اے" کے تحت مقدمات درج کئے۔ تاہم بھارتی فورسز نے اس عرصے میں نہتے کشمیریوں کے خلاف طاقت کا وحشیانہ استعمال کرتے ہوئے کم از کم 50 شہریوں کو زخمی کیا۔ دریں اثنا بھارتی دہلی کے مسلط کردہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سہنا کی زیر قیادت فرقہ پرست بھارتی انتظامیہ نے مکانوں، دکانوں، زمینوں، گاڑیوں سمیت

سعودی عرب کو درپیش ہر خطرے یا حملے کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، ولی عہد

سعودی عرب یمنی حکومت کی پورے ملک پر اتھارٹی قائم کرنے میں جامع مدد جاری رکھے گا، خلاف

ریاض (این این آئی) علاقائی کشیدگی کے تناظر میں سعودی عرب کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے ہونے والی اہم اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ یہ فیصلہ ولی عہد اور وزیراعظم مملکت محمد بن سلمان کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں یمن کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ یمن کی صورتحال پر شرکاء کو بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ سعودی عرب کے خلاف ہر قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ سعودی عرب کی سلامتی

بقیہ نمبر 1

سینٹرل اور زونل قیادت ایسوسی ایشن کو مزید فعال بنانے، معذوکاروں کو دروپیش مسائل کے حل اور ممبران کے مفادات کے تحفظ کے لیے موثر کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 2

ہوئے ویسٹرن شیعہ سے وابستہ خواتین کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ خواتین کی ہر شعبہ زندگی میں شرکت نہ صرف ان کے خاندانوں بلکہ ملکی معیشت کے لیے بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ACM SBP BSC کیمپس آباد، سرفہرست مقصود نے مطوبانی سیشن کا افتتاح کیا، جس میں اسٹیٹ بینک کی مختلف اکیسویں، بائیاتی معلومات، بینکاری سہولیات اور دستیاب مواقع کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ شرکا کو اس امر کی ترغیب دی گئی کہ وہ مالی معاملات میں بہتر اور باشعور فیصلے کرنے کے لیے رسمی بینکاری نظام سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ شرکاء نے بائیاتی آگاہی کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسے مزید آگاہی پروگرام منعقد کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 3

کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ایک نفیس ہونے صحافی، باصلاحیت تجزیہ نگار اور ایک اچھے شیخ من نمایاں مقام رکھتے والی شخصیت تھے۔ ان کے وفات سے بلوچستان کی صحافتی برادری ایک قابل اور تجربہ کار قلم کار سے محروم ہوگئی ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

بقیہ نمبر 4

اتھارٹی (BDA) جیسے ادارے نہیں بلکہ عوام ترقیاتی ادارے کو خاص ختم کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں ملازمین کا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا ہے۔

بقیہ نمبر 5

چارج سنبھالا۔انہوں نے آئی ایس او سرٹیفکیشن کے حصول کے دوران پیش آنے والے دشواریوں کا ذکر کیا اور بتایا کہ میڈیکل کارپوریشن کی ٹیم ہر ایک ڈسپنسری کا تفصیلی دورہ کرے گی اور کمزوریوں کی نشاندہی کرے گی۔ کنسٹر لیمل آباد نے میڈیکل کارپوریشن کی چالیسویں برانچ کو آئی ایس او سرٹیفائیڈ ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈاکٹر سید محمد ریاض شاہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد عمران، اسسٹنٹ کمشنر صدر محمد عثمان، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن

PHMA انتخابات 28-2026، سید ضیاء علمدار حسین سینٹرل چیئرمین منتخب

نومنتخب زونل چیئرمین PHMA میاں فرخ اقبال نے ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بالخصوص گروپ لیڈر PHMA چوہدری سلامت علی کی کاوشوں کو سراہا

PHMA صنعتکاروں کے مفادات کے تحفظ، برآمدات کے فروغ اور ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی ترقی کے لیے حکومت اور متعلقہ اداروں کے ساتھ موثر رابطہ جاری رکھے گی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PHMA) کے انتخابات برائے سال 28-2026 میں سید ضیا علمدار حسین، میسرز فیشن اینڈ ٹریڈ زپرائیویٹ لمیٹڈ فیصل آباد، بلا مقابلہ سینٹرل چیئرمین PHMA جبکہ میاں فرخ اقبال، میسرز کوزی انٹرنیشنل پرائیویٹ لمیٹڈ فیصل آباد، زونل چیئرمین منتخب ہوگئے۔ اور لاہور سے اظہار الحق، میسرز سن شائن کلاتھنگ، سینئر وائس چیئرمین جبکہ سیالکوٹ سے نوید افضل میر وائس چیئرمین منتخب ہوئے۔ فیصل آباد کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کے طور پر محمد ذنون نذیر، میسرز لاکپورنٹ ویئر، علی حسن، میسرز خیب ایپرلز، نثار احمد، میسرز گلشن فیبرکس، اور محمد خباب انیس، میسرز پارس ہوزری بھی منتخب ہوگئے۔ نومنتخب عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کے انتخاب کا اعلان ایسوسی ایشن کے 65ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر کیا گیا۔ نومنتخب سینٹرل چیئرمین PHMA سید ضیا علمدار حسین نے نومنتخب زونل چیئرمین میاں فرخ اقبال، دیگر عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کی پلاننگ برانچ کو بڑا ISO اعزاز

تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ تھے جنہوں نے آئی ایس او سرٹیفکیشن کا نوٹیفکیشن چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حسنان غنی کے حوالے کیا

45 لاکھ سے زائد آبادی کو میونسپل سروسز فراہم کرنے والے ادارہ کا آڈٹ ضروری تھا اور یہ سرٹیفکیشن ایک سال شروع ہوا جب ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بطور ایڈمنسٹریٹر چارج سنبھالا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) میونسپل کارپوریشن فیصل آباد پنجاب کی پہلی لوکل گورنمنٹ بن گئی جس کی پلاننگ برانچ نے برطانیہ کی کمپنی کے سخت ترین مراحل کامیابی سے مکمل کرکے "آئی ایس او 9001 (ISO)" سرٹیفکیشن حاصل کرلی۔ آئی ایس او سرٹیفکیشن کا اعزاز ملنے کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ تھے جنہوں نے آئی ایس او سرٹیفکیشن کا نوٹیفکیشن چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حسنان غنی کے حوالے کیا۔ تقریب میں ارکان اسمبلی، مسلم لیگی رہنما، انتظامی افسران، تاجر، سول سوسائٹی اور میونسپل کارپوریشن کے افسران موجود تھے۔ میونسپل کارپوریشن کی پلاننگ برانچ کو سرٹیفکیشن ملنے کی خوشی میں کیک بھی کاٹا گیا۔ چیف آفیسر نے کمشنر فیصل آباد اور ارکان اسمبلی کا شکریہ ادا کیا اور یقین دہانی کرائی کہ یہ اعزاز برقرار رکھنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ 45 لاکھ سے زائد آبادی کو میونسپل سروسز فراہم کرنے والے ادارہ کا آڈٹ ضروری تھا اور یہ سرٹیفکیشن ایک سال شروع ہوا جب ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بطور ایڈمنسٹریٹر چارج سنبھالا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

سعودی عرب کے دفاع کے لیے تمام دستیاب وسائل فراہم کریں گے، خواجہ آصف

سعودی عرب کو مدد فراہم کرنے کے پاکستان کے عزم میں کوئی ابہام نہیں، سعودیہ کا کوئی بھی دشمن ہمارا دشمن ہے، وزیر دفاع



روم (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع کے لیے پاکستان کے پاس موجود تمام دستیاب وسائل فراہم کیے جائیں گے، تاہم انہوں نے سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجیوں کی حوثیوں کے خلاف فضائی حملوں میں شرکت کی تصدیق یا تردید سے گریز کیا۔ عرب نیوز کو روم میں انٹرویو دیتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے حتمی دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب کے لیے دستیاب ہوں گی۔

آئی ایم ایف کا توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے کا مطالبہ

آئی ایم ایف کا پاکستان پر گرتی قرضہ کے اہداف کے حصول کو یقینی بنانے پر زور، 1600 ارب تک محدود رکھنا ہدف ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف جائزہ ٹیم کے درمیان ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلیٹی پروگرام کے تحت چوتھے اقتصادی جائزہ کیلئے جاری مذاکرات میں آئی ایم ایف نے توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے اور توانائی کے شعبے میں سرکلر ڈیٹ کے اہداف کے حصول کا مطالبہ کردیا جبکہ آٹو پالیسی کو طے کردہ بنچ مارکس کے مطابق ہم آہنگ کرنے کی تجویز دی ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ ہوئے مذاکرات میں آٹو پالیسی پر خصوصی سیشن ہوا جس میں آئی ایم ایف جائزہ مشن کو مجوزہ آٹو پالیسی کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کا سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی نے سینئر صحافی و تجزیہ نگار عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں میر جان محمد خان جمالی نے مرحوم عبدالستار کاکڑ کی صحافتی خدمات کو خراج عقیدت پیش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

خواتین وویکیشنل ورکرز میں مالیاتی آگاہی، بینکاری سہولیات سے استفادے پر زور

اسٹیٹ بینک کے پروگرام میں 120 خواتین کی شرکت، مالی معاملات میں باخبر فیصلوں کی ترغیب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) اسٹیٹ بینک آف پاکستان، بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) فیصل آباد کے زیر اہتمام ووکیشنل ورکرز کے لیے مالیاتی آگاہی پروگرام منعقد ہوا، جس میں تقریباً 120 خواتین ووکیشنل ورکرز نے شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد خواتین میں مالیاتی امور سے متعلق شعور اجاگر کرنا، دستیاب بینکاری سہولیات سے آگاہی فراہم کرنا اور انہیں باقاعدہ مالیاتی نظام سے موثر انداز میں استفادہ کرنے کے قابل بنانا تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف منیجر SBP BSC فیصل آباد، مسز احمد بلال عارف نے شرکاء سے خطاب کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)



فیصل آباد: کنتھولک بورڈ آف ایجوکیشن کے زیر اہتمام کیتھولک بشپ ہاؤس میں بشپ ڈاکٹر اندریاس رحمت فاروز عابد تنویر (وکر جنرل)، فادر یونس عنایت عاشر جاوید فاروز شاہد نذیر و دیگر برٹش اسکالرشپ تقسیم کررہے ہیں

حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں لیوی بجلی ٹیکس ختم کرنے، بجلی، روٹی سستی کرنے کی تحریک

پاکستان پر قابض مافیا زیادہ دیر تک اپنا قبضہ برقرار نہیں رکھ سکے گا۔ میاں طاہر ایوب، خالد محمود چوہدری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پریم یونین کے چیف آرگنائزر خالد محمود چوہدری، سابقہ یونی ناظم انجینئر میاں طاہر ایوب نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں لیوی بجلی ٹیکس ختم کرنے، بجلی اور روٹی سستی کرنے اور دیگر مطالبات کے حل کے لیے تحریک کے اثرات پاکستان کے علاوہ امریکہ اور آئی ایم ایف پہنچ گئے ہیں۔ آئی ایم ایف کی سربراہ کی ویڈیو جس کو ظاہر کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ تحریک انشاء اللہ جلد کامیاب ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں چلنے والی تحریک 25 کروڑ پاکستانیوں کے انفرادی اور اجتماعی مسائل کے حل کا نقطہ آغاز ہے۔

حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، ایک طرف عوام کے لیے روزگار کے راستے محدود کیے جا رہے ہیں اور دوسری جانب بلوچستان ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



فیصل آباد: پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جانب سے مسلسل 14 سال خدمات کے اعتراف میں منعقدہ تقریب میں ممبر (ر) سید ہاشمی نقوی سمیت دیگر ریٹائرڈ ممبران کو شیلڈز دی جارہی ہیں

پاکستان میں انشورنس پینیٹریشن جی ڈی پی کا صرف 0.7 فیصد، فی کس انشورنس اخراجات صرف 12 امریکی ڈالر ہیں، سی سی پی

کراچی (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق پاکستان میں انشورنس پینیٹریشن جی ڈی پی کا صرف 0.7 فیصد ہے جبکہ فی کس انشورنس اخراجات صرف 12 امریکی ڈالر ہیں۔ چیئرمین سی سی پی فرید احمد نے کہا کہ پاکستان میں انشورنس کے فروغ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

مولانا عبدالستار خان نیازی کا 111 واں یوم پیدائش، جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام تقریب

دینی و ملی خدمات کو خراج عقیدت، کیک کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی

فیصل آباد (پ ر) جماعت اہلسنت ضلع فیصل آباد پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ محمدیہ تعلیم القرآن کالونی 80 مرلہ فیصل آباد میں عظیم مجاہد ملت، عاشق رسول حضرت مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کے 111 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں حضرت علامہ مولانا شفقت علی حیدری ضلعی امیر جماعت اہلسنت پاکستان، قاری فیاض احمد سعیدی، حافظ اویس حیدری و دیگر احباب محبت نے شرکت کی اور مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کے یوم پیدائش کی خوشی میں کیک کاٹا۔ اس موقع پر علامہ شفقت علی حیدری نے اپنے خطاب میں مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی، ملی، سیاسی اور تحریک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)



فیصل آباد: انٹی کرپشن کے ہاتھوں گرفتار پٹواری محمد واصف

بیماریوں کا بڑھتا بوجھ، احتیاط اور صحت مند طرز زندگی ناگزیر ہے، ڈاکٹر معروف وینس

صرف مزید اسپتال اور ڈاکٹرز مستقل حل نہیں، بیماریوں کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف ڈاکٹر معروف وینس نے کہا ہے کہ انسانی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو کم کرنے کے لیے احتیاط، بیماریوں سے بچاؤ اور صحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ہر بیماری کے لیے مزید اسپتال، ڈاکٹرز اور طبی عملہ فراہم کرنا ممکن نہیں، اس لیے بیماریوں کی روک تھام اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا ناگزیر ہے صحت پاکستان کا صرف انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہورہا ہے۔

مریدکے، نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے لیسکو کے ایکسین کو قتل کردیا

مریدکے (این این آئی) مریدکے جی ٹی روڈ میں آبادی سی ڈی اور تھانہ صدر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کرکے لیسکو کے ایکسین انجینئر مہر رب یار کو قتل کردیا۔ ایکسین مہر رب یار اپنی سرکاری گاڑی پر مرید (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

ملکی سلامتی اور قومی یکجہتی کیلئے پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

ملک کو اتحاد و اتفاق کی ضرورت، تمام طبقات قومی ترقی اور امن کیلئے مثبت کردار ادا کریں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی جین الملذاہب امن کمیٹی پاکستان کے ڈویژنل نائب صدر حافظ پروفیسر حکیم سید محمد یاسر شاہ قادری نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج ملکی دفاع، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہے۔ پاکستان کی تاجر برادری، وکلاء برادری، علماء اکرام سمیت پوری قوم ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی یکجہتی کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ موجودہ حالات میں ملک کو اتحاد، اتفاق اور باہمی اعتماد کی ضرورت ہے۔ تمام طبقات کو چاہیے کہ قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے ملک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کے باوجود ادویات مارکیٹ سے غائب ہیں

پنجاب بھر میں ادویات ساز کمپنیوں کی ملی بھگت سے بلیک مارکیٹنگ کی جارہی ہے، محبوب الزماں بٹ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے ادویات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کے باوجود ادویات مارکیٹ سے غائب ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی بند ہے۔ پنجاب بھر میں ادویات ساز کمپنیوں کی ملی بھگت سے بلیک مارکیٹنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کے نرخ عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوگئے ہیں، حکومتی نااہلی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

مولانا عبدالستار خان نیازی کا 111 واں یوم پیدائش، جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام تقریب

دینی و ملی خدمات کو خراج عقیدت، کیک کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی کیلئے دعا کی گئی

فیصل آباد (پ ر) جماعت اہلسنت ضلع فیصل آباد پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ محمدیہ تعلیم القرآن کالونی 80 مرلہ فیصل آباد میں عظیم مجاہد ملت، عاشق رسول حضرت مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کے 111 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں حضرت علامہ مولانا شفقت علی حیدری ضلعی امیر جماعت اہلسنت پاکستان، قاری فیاض احمد سعیدی، حافظ اویس حیدری و دیگر احباب محبت نے شرکت کی اور مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کے یوم پیدائش کی خوشی میں کیک کاٹا۔ اس موقع پر علامہ شفقت علی حیدری نے اپنے خطاب میں مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی، ملی، سیاسی اور تحریک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

فیصل آباد: انٹی کرپشن کے ہاتھوں گرفتار پٹواری محمد واصف

پراپرٹی ٹیکسوں میں بے تحاشہ اضافہ عوام، تاجروں کیساتھ ظلم، طاہر جمیل

عوام تاجروں کو 15 سال کے واجبات بنا کر نوٹس جاری، ٹیکس کی ادائیگی ورنہ گرفتار کرلیا جائے گا، صدر شنگری بازار



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشہ اضافہ پنجاب کے عوام اور تاجروں کے ساتھ ظلم ہے ان خیالات کا اظہار انجمن تاجران شنگری بازار کے صدر اور سپریم انجمن تاجران سٹی کے وائس چیئرمین حافظ طاہر جمیل میاں نے اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، ڈی جی ایکسائز پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ گزشتہ سال پراپرٹی ٹیکس میں 50 فیصد اضافہ کیا گیا تھا وہ اس سال تقریباً 70 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

بہاولپور ضمنی الیکشن میں ن لیگ کی کامیابی عوامی اعتماد کا مظہر ہے، شاہد بیگ

مریم نواز کے ترقیاتی منصوبوں کے مثبت اثرات سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، محمد علی بخاری



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) بہاولپور کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی کامیابی عوام کی جانب سے وزیر اعظم میاں شہباز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی قیادت پر اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی کے لیے متعدد منصوبے شروع اور مکمل کیے ہیں، جن کے مثبت اثرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ ان خیالات کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

ویمن جی سی یونیورسٹی آتشزدگی، شفاف تحقیقات اور سکیورٹی انتظامات کا مطالبہ

7 سکوٹیاں اور بس جلنے پر تشویش، غفلت ثابت ہونے پر کارروائی کی جائے، چوہدری محمد اعجاز درک



فیصل آباد (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد اعجاز درک ایڈووکیٹ نے ویمن جی سی یونیورسٹی مدینہ ٹاؤن میں آتشزدگی واقعہ میں طالبات کی 7 سکوٹیاں اور پک اینڈ ڈراپ کی سہولت کے لئے بڑی بس کا خاکستر ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ تمام واقعہ کی شفاف تحقیقات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خدانخواستہ آگ مزید پھیل جاتی تو جانی نقصان ہونے کا بھی اندیشہ تھا اللہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

احسن بھون پر سوشل میڈیا الزامات سیاسی پوائنٹ سکورنگ ہیں، اسامہ سعید اعوان

وکلا کی عزت و تکریم پر کوئی سمجھوتہ نہیں، مشکل وقت میں وکلا جمہوریت کے ساتھ کھڑے رہے



فیصل آباد (پ ر) حاکمین سعید اعوان نے کہا ہے کہ پاکستان کے سینئر ترین، قابل عزت، بابائے وکلا پاکستان چودھری احسن بھون ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کے بارے میں سوشل میڈیا پر جو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

چیئرمین لینڈ ریونیو اینڈ ہاؤسنگ کمیٹی پنجاب لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، وائس چیئرمین مرکزی تنظیم تاجران پاکستان، وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد ملک اسامہ سعید اعوان، ملک

فیصل آباد کی ترقی کیلئے پالیسی سازی میں کردار بڑھائیں گے عارف احسان ملک

ایس ایم ای سیکٹر برآمدات میں 30 فیصد کا حصہ ڈال رہا ہے لیکن اس کیلئے مختص قرضوں کا حصہ کوئی اور لے جاتا ہے

300 ملین ڈالر کے ٹیکسٹائل ٹیکسٹائل کے شعبہ میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے کیونکہ اس کے خام مال پر 20 فیصد اسٹیٹک ڈیوٹی لگی ہوتی ہے، جس کا خاتمہ ہونا چاہیے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر عارف احسان ملک نے کہا ہے کہ پالیسی سازی میں فیصل آباد کے عملی کردار کو بڑھانے، چیمبر کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن، قائمہ کمیٹیوں کی کارکردگی میں بہتری، فیصل آباد کو ٹیکسٹائل سرگرمی بنانے، انڈسٹریل ٹیکنالوجی زون کے قیام، جامعات میں ہونے والی تحقیق کی کمرشلائزیشن اور سٹارٹ اپس کو سرمایے کی فراہمی کیلئے وینچر کیپٹل کے اجراء، سی ایس آر سے متعلقہ سرگرمیوں کو منظم کرنے، صنعتوں کے مسائل کے حل کیلئے مصنوعی ذہانت کے استعمال اور زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن کے علاوہ فیصل آباد ایکسپو سنٹر کے قیام کیلئے بھی کوششوں کو تیز کیا جائے گا۔ وہ آج فیصل آباد چیمبر کے سالانہ اجلاس عام کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آبادی کے لحاظ سے دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جس کا معاشی حجم 420 ارب ڈالر ہے۔ اپنے محل وقوع کے اعتبار سے یہ مشرق وسطیٰ، وسط ایشیائی ریاستوں، بحیرہ عرب اور چین سے منسلک ہے لیکن یہ صرف ٹیکسٹائل کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا مگر اب یہاں دیگر صنعتیں بھی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری ایف ڈی اے سٹی میں ترقیاتی منصوبوں اور سیکورٹی امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔

جعلی ادویات کے خاتمے سے معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت نے کہا ہے کہ جعلی ادویات کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے جس کے بعد معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت پاکستان ویٹرنری فارماسیوٹیکل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

آزادی اظہار رائے کیلئے عدالت میں موزوں جگہ فراہم کردی، جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سردار محمد سرفراز ڈوگر نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ میں موزوں جگہ فراہم کردی ہے۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے اسلام آباد میں میڈیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

مہنگائی اور بے روزگاری نے غریب عوام کی مشکلات بڑھادی ہیں، رانا عامر محمود

حکومت مہنگائی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات کرے، عوامی رابطہ مہم تیز کریں گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سمندری کے سٹی صدر رانا عامر محمود خاں نے کہا ہے کہ حکومتی نااہلی کی بدولت اعصاب شکن بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری غریبوں کے مالی استحصال کا سبب بن رہی ہے ملک کا ہر طبقہ بڑھتے ہوئے معاشی بحران اور غربت کی وجہ سے ذہنی اذیت کا شکار ہو چکا ہے بچوں کے تعلیمی بوجھ کے ساتھ ساتھ مالی مشکلات سے دوچار ہونا غریب آدمی کے لئے دردناک عذاب بن چکا ہے حکومت اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دے رہی آٹا، چینی، گھی، بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے عوام کی کمر توڑ دی ہے۔


شوگر انڈسٹری کو فری مارکیٹ کے اصولوں پر کام کرنے دیا جائے، ایسوسی ایشن

فروری 2026 سے استدعا کی جارہی ہے کہ اضافی چینی کو برآمد کیا جائے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے شوگر سیکٹر کو مکمل طور پر آزاد کرنے کا مطالبہ کردیا۔ پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ وقت آچکا ہے کہ شوگر سیکٹر کو مکمل طور پر ڈی۔ ریگولیٹ کردیا جائے، ملکی کاشتکار تنظیمیں بھی شوگر سیکٹر کی ڈی۔ ریگولیشن کا مطالبہ کر رہی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ فروری 2026 سے استدعا کی جارہی ہے کہ اضافی چینی کو برآمد کیا جائے، متعدد حکومتی اجلاسوں، خطوط اور میڈیا کے ذریعے حکومت سے یہ التجا کی گئی۔ ایسوسی ایشن کے مطابق 10 لاکھ ٹن چینی کو فوری برآمد کیا جانا چاہیے تھا۔

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہنی چاہئیں

سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو خراج تحسین، امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائیں گے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا پاکستان پیپلز پارٹی اور عوام پاکستان کو سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی جرات و بہادری پر فخر ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے صوبائی رہنما پی پی چوہدری ارشد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



فیصل آباد: اینٹی کرپشن کے ہاتھوں گرفتار پٹواری محمد واصف

حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں

مکہ وفاقی معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کا ذریعہ بن سکتا ہے، رہنماؤں کا مشترکہ بیان

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں سہ ملکی مکہ وفاقی معاہدے کو سراہتے ہیں، یہ معاہدہ عالم اسلام کے اتحاد کا ذریعہ بنے گا، ان خیالات کا اظہار مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے چیئرمین صاحبزادہ پیر قاری عبدالرحمٰن نقشبندی، سینئر وائس چیئرمین علامہ سکندر حیات ذکی، صدر حافظ شاہد اشرف، سیکرٹری جنرل صاحبزادہ طاہر محمود سیالوی، وائس چیئرمین حافظ خبیب حمید، وائس چیئرمین آغا غلام جعفر رضا علوی، چیئرمین اوورسیز مزمل سعید باجوہ، چیف کوآرڈینٹر قاری محمد عارف سیالوی و دیگر عہدیداران و ممبران نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔

شاہی تکہ شاپ والے وحید خان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

فیصل آباد (پ ر) شاہی تکہ والے وحید خان کی والدہ محترمہ جو کہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئی ہیں، ان کے انتقال پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔ خلیفہ محمد عمر فاروق قادری چشتی خلیفہ مجاز استانہ عالیہ لاڑھیاں والا شریف، سید محمد حفیظ الحسن شاہ وائس چیئرمین نورالہدیٰ فاؤنڈیشن، میاں عابد حسین قادری فوٹو جرنلسٹ، جوائنٹ سیکرٹری فیصل آباد یونین آف جرنلسٹس دستور، ملک محمد سلیم فریدی سیاسی و سماجی شخصیت، ڈاکٹر غلام حسین زاہد و دیگر احباب محبت نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

ڈینگی سے بچاؤ کیلئے گھروں اور محلوں میں صفائی یقینی بنائیں

چھتوں، صحنوں اور گلیوں میں پانی جمع نہ ہونے دیں، ڈینگی مچھر کی افزائش روکنا قومی ذمہ داری ہے

شہری گھروں کی چھتوں، صحنوں اور گلی محلوں میں ڈینگی مچھر کی تلفی کیلئے ڈیلٹا مینتھرین اور لیمڈا سائی ہیلوتھرین زہروں کا سپرے کریں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) موجودہ بدلتے ہوئے موسم میں ڈینگی مچھروں کی افزائش کی روک تھام کیلئے شہری اپنے گھروں، محلوں اور گلیوں میں موجود غیر ضروری پانی کو خشک اور ماحول کو صاف ستھرا رکھیں کیونکہ ڈینگی مچھر گھروں کی چھتوں اور صحن میں موجود کوڑا کرکٹ و غیر ضروری سامان میں بارش یا نجگی کا پانی جمع ہونے سے پھیلتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر محکمہ صحت ڈاکٹر احمد شہزاد نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ حکومت پنجاب کی ڈینگی مچھر مکاؤ مہم کو کامیاب بنانے کیلئے اپنے گھروں کی چھتوں پر موجود ناقص اور غیر ضروری سامان میں بارشوں کا پانی کھڑا نہ ہونے دیں، دروازوں، کھڑکیوں و روشن دانوں میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

بلوچستان کو امن دو، عوامی مطالبات تسلیم کیے جائیں بمولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدای